# شوال کے اہم واقعات

<?xml encoding="UTF-8">

شوال

شَوّال المُکَرَّم یا شوّال المکرّمۃ ہجری قمری کیلنڈر کا دسواں مہینہ ہے ۔ اس مہینے کا پہلا دن عید فطر ہے۔ شوال کے معنی "کسی جگہ جانے کی قصد سے سامان باندھنا" ہے۔ عربی مہینوں کے نام گزاری کے دوران یہ مہینہ شکار اور سیر و تفریح کے ایام میں آنے کی وجہ سے اس مہینے کا نام شوال رکھا گیا ہے۔

فضیلت

پیغمبر اکرم (ص) نے اس مہینے کی نام گزاری کے حوالے سے فرماتے ہیں کہ اس نام کی وجہ یہ ہے کہ اس مہنے میں مومنین کے گناہ اور برے اعمال برطرف ہوتے ہیں۔[1]

اعمال ماہ شوال

اعمال ماہ شوال

پہلی رات

غسل کرنا

احیاء

نماز مغرب، عشا، صبح اور نماز عید فطر کے بعد اس دعا کا پڑھنا:

اَللهُ اَکْبَرُ اللهُ اَکْبَرُ لا اِلـهَ إلاّ اللهُ وَاللهُ اَکْبَرُ، اللهُ اَکْبَرُ وَللهِ الْحَمْدُ، اَلْحَمْدُ للهِ عَلی ما هَدانا وَلَهُ الشُّکْرُ علی ما اَوْلانا.

زیارت امام حسین (ع)

دس مرتبہ دعائے :

یَا دَائِمَ الْفَضْلِ عَلَی الْبَرِیَّةِ یَا بَاسِطَ الْیَدَیْنِ بِالْعَطِیَّةِ یَا صَاحِبَ الْمَوَاهِبِ السَّنِیَّةِ صَلِّ عَلَی مُحَمَّدٍ وَ آلِهِ خَیْرِ الْوَرَی سَجِیَّةً وَ اغْفِرْ لَنَا یَا ذَا الْعُلَی فِي هَذِهِ الْعَشِیَّةِ

کا پڑھنا

پہلا دن (عید فطر)

عید فطر کی نماز سے پہلے زکات فطرہ دینا

غسل کرنا

نئے اور معطر لباس کا پہنا

نماز عید فطر سے پہلے افطار کرنا

نماز عید

زیارت امام حسین (ع)

دعائے ندبہ پڑھنا

اس مہینے کے اہم واقعات

عید فطر (1 شوال)

جنگ احد و شہادت حمزة بن عبدالمطلب (7 شوال 3ھ)

جنگ حنین (3 شوال 8ھ)

شہادت امام صادق علیہ السلام (25 شوال 148ھ)

وفات حضرت عبد العظیم حسنی (ع) (15 شوال 252ھ)

سعودی وہابیوں کے ہاتھوں ائمہ بقیع کے روضے کا انہدام (یوم الہدم) (8 شوال 1344ھ)

وفات آیت اللہ سید حسین بروجردی (12 شوال 1380ھ)

وفات آیت اللہ سید روح اللہ خمینی (28 شوال 1409ھ)